دار الافتاء والقضاء — الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586


| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Name : **Shariq** | Serial No : **30337** | MODE: **Regular** |
| Address : **Islamabad** | Date : **3/14/2017** | |
| Subject : **Zakat** | Contact No: | |
| Writer : **قاسم علی رفیع** | Email : | |

I purchased two plots. one plot i purchased for my personal residence & other purchased to sell it. I will use 2nd plot sell amount for first plot construction. Kindly advise will zakat implement on it as I have on other resource or amount to construct the house. Pls reply asap.

استفتاء۔

میں نے دو پلاٹ خریدے ایک پلاٹ میں نے ذاتی رہائش کیلئے خریدا اور دوسرا بیچنے کیلئے۔ میں دوسرے پلاٹ کی رقم کو پہلے پلاٹ کی تعمیرات میں استعمال کرونگا۔ برائے مہربانی مجھے بتائیے کہ کیا اس پلاٹ پر زکوٰۃ واجب ہے؟ کیونکہ میرے پاس اس گھر کی تعمیر کیلئے دیگر کوئی ذرائع اور رقم نہیں ہے؟

الجواب حامدًا ومصلّیاً۔

واضح رہے کہ صورتِ مسئولہ میں اگر بیچنے کی نیت سے خریدے گئے پلاٹ کی مالیت زکوٰۃ کے نصاب کو پہنچتی ہو اور اس پر پورا قمری سال بھی گزر گیا ہو تو اس کی مالیت پر زکوٰۃ واجب ہوگی، ورنہ نہیں۔
جبکہ رہائش کی غرض سے خریدے جانے والے پلاٹ پر زکوٰۃ لازم نہیں۔

کما فی الدر: (وسببه) أی سبب افتراضها (ملك نصاب حولی) ...(و) فارغ (عن حاجته الأصلية) ... (فلا زكوٰة على مكاتب) ...(وأثاث المنزل ودور السكنى ونحوها) ... (وشرطه حولان الحول) ... (أو نية التجارة) الی قوله (وما اشتراه لها) أی للتجارة (كان لها) الخ (ج ۲ ص ۲۵۹)۔

وفی الشامية: تحت (قوله فنوى بعد ذالك خدمته) أی وأن لا يبقى للتجارة لما فی الخانية عبد التجارة: اذا أراد ان يستخدمه سنتين فاستخدمه فهو للتجارة على حاله إلّا أن ينوى أن يخرجه من التجارة الخ (ج ۲ ص ۲۷۲)۔

(جاری ہے)

وفی البحر: (قوله وشرط وجوبها) الی قوله (وملك نصاب حولی فارغ عن الدين وحوائجه الأصلية ...) الخ (ج ۲ ص ۲۰۲)۔

وفی الهندية: (وأما شرائط وجوبها) الی قوله (ومنها الفراغ عن الدين) (ومنها حولان الحول على المال) الخ (ج ۱ ص ۱۷۱)۔ والله اعلم

قاسم علی عفا الله عنه

دار الإفتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی

۱۴۳۸/۸/۴ھ۔

الجواب صحیح

[illegible]

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۸/۸/۱۴۳۸ھ

دار الإفتاء
۳۰۳۳۷
۱۴۳۸/۸/۸

نائب رئیس

8/5/17